تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 26, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پچھترواں یوم آئین منایا گیا

فیکلٹی آف سوشل سائنسز، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈین آفس کے کانفرنس ہال میں پچھترویں یوم آئین کے موقع پر ایک حلفیہ تقریب منعقد ہوئی۔ پروگرام میں پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ پروگرام میں پروفیسر مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ بطور مہمان اعزازی شریک ہوئے۔ پروگرام میں پروفیسر مسلم خان، ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسز اور فیکلٹی ارکین، غیر تدریسی عملہ اور مختلف طلبہ نے شرکت کی۔ پروگرام میں حاضرین کے سامنے پروفیسر مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آئین ہند کی تمہید پڑھی۔

پروگرام کا انعقاد آئین ہند اور ان ہستیوں کو سپاس پیش کرنے کے لیے کیا گیا تھا جنھوں نے اس کی ترتیب وتدوین اور تیاری میں اہم رول نبھایا تھا۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آئین ہند کے سلسلے میں سامعین کو خطاب کیا جس میں ملک کے ساری باشندوں کے لیے مساوات کی بات کی گئی ہے۔ واضح ہو کہ آئین کو چھبیس نومبر انیس سو پچاس میں اپنایا گیا تھا اور چھبیس نومبر انیس سو پچاس سے یہ نافذ العمل ہے جب ہندوستان ایک جمہوریہ ریاست میں تبدیل ہوا تھا۔ انھوں نے آئین ہند کی شقوں سے ضمانت یافتہ ملک کے جمہوری مزاج کو اجاگر کیا۔

پروفیسر رضوی نے ہمارے آئین میں موجود اہم اصولوں کے تئیں عہد کو دہراتے ہوئے بطور ٹول یوم آئین کو یاد کرنے کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ اس کے علاوہ افراد کے لیے اس ضرورت کو اجاگر کیا کہ آئین کے فراہم کردہ بنیادی حقوق کو ہی نہیں جانیں بلکہ اس میں بتائی گئیں بنیادی ذمہ داریوں اور فراض کو بھی کو یاد رکھیں اور اپنی روزمرہ کی زندگی میں انھیں برتیں۔

اس موقع پر شیخ الجامعہ اور جامعہ کے مسجل نے ایم اے پولیٹیکل سائنس کے طالب علم ہرش ہوڈا اور سیجل شنگوٹے کو سنسد ٹی وی کی جانب سے منعقدہ موقر آئین مقابلہ کوئز میں دوسرا مقام حاصل کرنے پر انھیں مبارک باد دی۔

یہ پروگرام ہندوستان کے تاریخی پارلیمنٹ میں منعقد ہوا تھا جس میں دہلی یونیورسٹی، نیشنل لا یونیورسٹی، آئی آئی ٹی دہلی، لا

فیکلٹی اندر پرستھا یونیورسٹی اور امبیڈکر یونیورسٹی کی نمائندگی کرنے والی دس ٹیموں نے بھی شرکت کی تھی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی